**فوری ریلیز کے لیے:** 2023/14/4 **گورنر *KATHY HOCHUL***

## ***گورنر Hochul کی نیو یارک کے مکینوں کو 12ویں سالانہ 'I Love My Park' دن کے لیے سائن اپ کرنے کی ترغیب***

***نیو یارک بھر میں 120 سے زیادہ ریاستی پارک، تاریخی مقامات اور عوامی زمینوں پر رضاکارانہ تقریبات***

***شرکاء ریاست بھر میں صفائی کی تقریبات میں رضاکارانہ طور پر نیو یارک کی عوامی زمینوں کا جشن منائیں گے***

***آن لائن رجسٹریشن اب جاری ہے اور فارم یہاں پُر کیا جا سکتا ہے۔***

گورنر Kathy Hochul نے آج اعلان کیا ہے کہ 12ویں سالانہ I Love My Park دن جو کہ ہفتہ، 6 مئی 2023 کو ریاست نیو یارک کے تمام ریاستی پارکوں، تاریخی مقامات اور عوامی زمینوں پر منایا جائے گا، کے لیے رجسٹریشن اب ہو رہی ہے۔ تقریب، جو کہ پارکس اینڈ ٹریلز نیو یارک، ریاست نیو یارک کے دفتر برائے پارکس، تفریح اور تحفظِ تاریخ، اور محکمۂ برائے تحفظِ ماحولیات کے درمیان شراکت داری ہے، پارکوں، تاریخی مقامات اور عوامی زمینوں کو بہتر بنانے اور ریاست کے بیرونی تفریحی اثاثوں اور ان کی ضروریات کی روئیت اور شعور بیدار کرنے کے لیے ریاست بھر میں سب سے بڑی رضاکارانہ تقریب ہے۔

**گورنر Hochul نے کہا،** "I Love My Park دن، نیو یارک کے مکینوں کے لیے ہمارے ناقابلِ یقین پارکوں اور عوامی زمینوں کو ان کی خدمات کا عوضانہ دینے کا ایک بہترین موقع ہے۔ میں نیو یارک کے مکینوں کو ترغیب دیتی ہوں کہ وہ سائن اپ کریں اور اپنے علاقے کے کسی پارک، تاریخی مقام یا پگڈنڈی پر رضاکارانہ طور پر کام کریں تاکہ یہ یقینی بنایا جا سکے کہ آنے والی نسلیں ان حیرت انگیز قدرتی وسائل سے لطف اندوز ہوتی رہیں"۔

رضاکاروں کے پاس لانگ آئی لینڈ سے لے کر مغربی نیو یارک تک اور اس ان کے درمیان تمام علاقوں، بشمول محکمۂ تحفظ ماحولیات اور میونسپل پارکس کے زیر انتظام سائٹس پر 120 سے زیادہ ریاستی پارکوں، تاریخی مقامات اور عوامی زمینوں پر صفائی کی تقاریب میں حصہ لینے کا موقع ہو گا۔ I Love My Park دن کے لیے رجسٹریشن فارم یہاں پُر کیا جا سکتا ہے۔

**دفتر برائے پارکس، تفریح و تحفظِ تاریخ کے کمشنر Erik Kulleseid نے کہا،** "اس تقریب کا اہتمام کرنے اور ذمہ دارانہ خبر گیری کو وسعت اور فروغ دینے کے مواقع بڑھانے کے لیے پارکس اینڈ ٹریلز نیو یارک میں ہمارے شراکت داروں کا شکریہ۔ ہمارے رضاکار ہمارے ریاستی پارکوں کے نظام کو ملک میں سب سے بہتر بنانے میں اہم ہیں اور ہم اس سال پھر سے I Love My Park دن کے لیے ہزاروں رضاکاروں کا خیرمقدم کرنے کے منتظر ہیں"۔

**محکمۂ تحفظِ ماحولیات کے کمشنر Basil Seggos نے کہا،** "عوامی زمینیں ہم سب کی، ہمارے خاندانوں اور ہمارے پڑوسیوں کی ہیں، اور مل کر کام کرنے سے ہم سب آنے والی نسلوں کے لیے ان خاص جگہوں کی سرپرستی میں حصہ لے سکتے ہیں۔ I Love My Park دن نیو یارک کے مکینوں کے لیے DEC اور سٹیٹ پارکس میں ہمارے شراکت داروں کے ساتھ مل کر کام کرنے کا ایک بہترین موقع ہے کہ وہ باہر نکلیں اور ہماری ریاستی زمینوں

کی قدرتی خوبصورتی کو برقرار رکھنے اور انہیں محفوظ رکھنے میں مدد کر کے ماحولیاتی ذمہ داروں کی اگلی نسل کی حوصلہ افزائی کریں"۔

**پارکس اینڈ ٹریلز نیو یارک کے ایگزیکٹیو ڈائریکٹر Paul Steely White نے کہا،** "نیو یارک کے مکینوں نے اپنے پارکوں کے لیے ہائیکنگ بوٹ پہن لیے ہیں۔ درحقیقت، ہمارے پیارے پارک سسٹم نے عالمی وباء کے دوران ہمیں گلے لگایا اور پروان چڑھایا، جس میں 200 ملین سے زیادہ لوگ پارکوں میں آئے (کئی بار بار آنے والوں کا ذکر نہیں ہے)۔ لیکن محبت ایک دو طرفہ راستہ ہے، اور صحت مند طویل المعیاد تعلقات کو دیکھ بھال کی ضرورت ہوتی ہے۔ اب وقت آگیا ہے کہ آپ اپنے پسندیدہ پارک یا کھلی جگہ کو ثابت کریں کہ یہ آنا جانا محض عالمی وباء کی وجہ سے نہیں تھا۔ I Love My Park دن پر آئیے اپنے پارکوں، پگڈنڈیوں اور کھلی جگہوں کا اپنا سارا پیار دکھائیں**!**"

رضاکار نیو یارک کی عوامی زمینوں کا ملبہ صاف کرکے، درخت اور باغات لگا کر، پگڈنڈیوں اور جنگلی حیات کی رہائش گاہوں کو بحال کرکے، ناگوار انواع کو ہٹا کر اور سائٹ کی بہتری کے مختلف منصوبوں پر کام کرکے جشن منائیں گے۔

سال بھر کی ذمہ داری کی حوصلہ افزائی کرنے کے لیے، PTNY، پارکوں کا ریاستی محکمہ اور DEC پورے موسم گرما اور موسم خزاں میں Love Our NY Lands مہم کے جزو کے طور پر رضاکاروں کے اضافی مواقع شروع کریں گے۔ مہم کا مقصد مہمانوں کو ہمارے قدرتی وسائل کے اثرات کو کم کرنے کے لیے ضروری معلومات فراہم کر کے ان کی حفاظت میں مدد کرنا، صارفین کو پائیدار اور محفوظ تفریح کرنے میں مشغول کرنا، اور تمام مہمانوں کو ریاستی زمینوں کا دورہ کرتے ہوئے خوش آمدید محسوس کرنے میں مدد کرنا ہے۔

پارکس اینڈ ٹریلز نیو یارک پارکوں اور پگڈنڈیوں کے لیے نیو یارک کا سب سے بڑا ریاستی وکیل ہے، جو سنہ 1985 سے ہماری صحت، معیشت، اور اور سب کے لیے سبز جگہ کے استعمال اور لطف اندوز ہونے کے ذریعے معیارِ زندگی کو بہتر بنانے کے لیے وقف ہے۔ ریاست بھر میں ہزاروں ارکان اور حامیوں کے ساتھ، PTNY نیو یارک کے ریاستی پارکوں کے شاندار نظام کے تحفظ اور 1,500 میل سے زیادہ سبز راستوں، بائیک پاتھ، دریا کی سیر، اور پگڈنڈیوں کی تخلیق اور فروغ میں ایک سرکردہ آواز ہے۔ مزید معلومات یہاں مل سکتی ہیں۔

ریاست نیو یارک کا دفتر برائے پارکس، تفریح اور تحفظِ تاریخ 250 سے زیادہ پارکوں، تاریخی مقامات، تفریحی ٹریلز، گولف کورسز، بوٹ لانچز اور مزید کی نگرانی کرتا ہے، جنہیں 2022 میں ریکارڈ 79.5 ملین لوگوں نے دیکھا۔ ان تفریحی علاقوں میں سے کسی کے متعلق مزید معلومات کے لیے، www.parks.ny.gov ملاحظہ کریں، موبائل ایپ NY State Parks Explorer مفت ڈاؤن لوڈ کریں یا 518.474.0456 پر کال کریں۔ اس کے علاوہ، ہم سے فیس بُک، انسٹاگرام اور ٹوئٹر پر بھی رابطے میں رہیں۔

Adventure NY پہل کاری کے تحت، ریاست نیو یارک کا محکمۂ تحفظِ ماحولیات صحت مند، فعال، بیرونی تفریح تک رسائی کو بڑھانے کے لیے تزویراتی سرمایہ کاری کر رہا ہے؛ نیو یارک کے مزید مکینوں اور مہمانوں کو فطرت اور بیرونِ خانہ سے جوڑتا ہے؛ قدرتی وسائل کی حفاظت کرتا ہے؛ اور مقامی معیشتوں کو فروغ دیتا ہے۔ Adventure NY پہل کاری کے متعلق مزید DEC کی ویب سائٹ پر پڑھیں۔

###

اضافی خبریں یہاں ملاحظہ کی جا سکتی ہیں www.governor.ny.gov
ریاست نیو یارک | ایگزیکٹیو چیمبر | press.office@exec.ny.gov | 518.474.8418

ان سبسکرائب کریں